Dr. Michelle C. Reid, Superintendent
8115 Gatehouse Road
Falls Church, Virginia 22042

13، اکتوبر 2023 ء

**دیگر زبانوں کے حامل انگریزی بولنے والے طالبعلم** کے عزیز والدین یا سرپرست :

فیئرفیکس کاؤنٹی یوتھ سروے ، فیئر فیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ اورفیئرفیکس کاؤنٹی بورڈ کے سپروائزرز کے مابین اشتراک کار ہے ، جو ایک جامع ، گمنام اور رضاکارانہ جائزہ ہے جو ہرسال 6, 8, 10, اور 12 گریڈز کے طالبعلموں کو دیا جاتا ہے ۔ اس جائزے میں فیئرفیکس کاؤنٹی کے نوجوانوں کے طرزعمل ، تجربات اور صحت وسلامتی پر اثرانداز ہونے والے دیگر عوامل کو جانچا جاتا ہے ۔ ان کے نتائج ، جو ہرسال https://www.fairfaxcounty.gov/youthsurvey ، میں شائع کئے جاتے ہیں ، ضروریات کے رحجانات اور شعبوں کی نشاندہی کرتے ہیں ، کاؤنٹی کے نوجوانوں کی سرسری تصویر پیش کرتے ہیں ، نوجوانوں میں صحت مندانہ چناؤ کے فروغ میں کمیونٹی کی اثرپذیری کے پیمانے کے طور پر کام کرتے ہیں ۔

اس سال ، ایک مختصر سروے انگریزی کی محدود استعداد رکھنے والے طلباء کیلئے بنایا گیا ہے تاکہ ان کی آواز بھی سنی جائے ۔ مختصر نسخہ طلباء سے اسکول میں ان کے تجربات ، ان کے تحفظ کے احساس اور بوقت ضرورت مدد کیلئے وہ کہاں جا سکتے ہیں ، سے متعلق علم کے بارے میں پوچھتا ہے ۔ اس میں طلباء سے ان کے تجربہ میں آنے والی غنڈہ گردی ، جنسی ہراسانی اور ہراسانی یا امتیازی سلوک کی دیگر اقسام کے بارے میں بھی پوچھا جاتا ہے ۔ طلباء سروے پر اپنا نام نہیں لکھیں گے اور کوئی انفرادی معلومات درج نہیں کی جائیں گی ۔ یہ سروے مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کو ESOL کلاس کے دوران دیا جائے گا ۔

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز 2001 ء سے یوتھ سروے منعقد کروا رہا ہے ، جبکہ انتظامیہ کیلئے گریڈ چھ کا سروے 2008 ء میں وضع کیا گیا ۔ سروے میں شامل حالیہ بیشتر سوالات قومی سطح پر تسلیم شدہ جائزوں سے منتخب کئے گئے ہیں ، جن میں Youth Risk Behavior Surveillance System (YRBS) بذریعہ سینٹرز فار ڈزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن اور Monitoring the Future (MTF) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ کے ذریعہ سے جائزہ شامل ہیں ۔ ملک بھر میں لاکھوں طلبا و طالبات ان جائزوں میں شرکت کرچکے ہیں جب سے نوجوانوں کیلئے YRBS کا سروے 1991 ء میں اور MTF جائزہ 1975 ء میں شروع ہوا ۔ ان قومی جائزوں سے لئے گئے سوالات کے استعمال سے یہ بات یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ کاؤنٹی کو موازنے کیلئے قومی پیمانوں کی کسوٹی میسر ہو ۔ وہ یہ بھی یقینی بناتے ہیں کہ سوالات وہ جانچیں جو وہ جانچنا چاہتے ہیں ، کیونکہ سوالات اعتبار اور مستند ہونے کے سائنسی معیار پر پورا اترتے ہیں ۔ ایسے طریقہ ہائے کار بھی شامل کئے جاتے ہیں جن سے سروے کے سوالات کے ناکارہ جوابات کی شناخت ہو اور غلط جوابات کی نشاندہی میں مدد کیلئے اعتبار اور ساکھ چیک کرنے کے اندرونی طریقے بھی بروئے کار لائے جاتے ہیں ۔

یہ سروے اسکول کے اوقات کار میں منعقد کیا جاتا ہے ، ایک کلاس پیریڈ میں آن لائن ہوتا ہے اور آٹھ زبانوں میں پیش کیا جاتا ہے ۔ یہ مکمل طور پر گمنام ہوتا ہے ، اور جوابات کے ذریعہ ، آپ کے بچے کی ذاتی معلومات ، کمپیوٹر، ای میل ایڈریس یا دیگر الیکٹرانک شناخت تک نہیں رسائی حاصل کی جاسکتی ۔ نہ تو ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات اور نہ ہی IP پتے ریکارڈ کیئے جائیں گے ۔ سروے کے جوابات کو، ایک محفوظ سرور میں حفاظت سے رکھا جائے گا، جو وفاقی ڈیٹا سیکورٹی کے معیار کے مطابق ہے ۔ طلباء کی شناخت کو، مزید محفوظ رکھنے کے لیئے، صرف محققین ہی جوابات کو پڑھیں گے اور ان کا جائزہ لیں گے اور بغیر کسی ذاتی شناخت کے ایک رپورٹ میں خلاصے اکھٹے کئے جائیں گے ۔ تمام جوابات ایک گروپ ، مجموعہ یا سطح پر پیش کئے جاتے ہیں ۔

**فیئر فیکس کاؤنٹی یوتھ سروے** میں منشیات کے استعمال ، غنڈہ گردی اور ڈپریشن سمیت ، پُرخطر رویے، ذہنی صحت ، جسمانی صحت اور تحفظ کے بارے میں سوالات پوچھے جاتے ہیں ۔ طالبعلموں سے ان کی زندگیوں اور سرگرمیوں کے مثبت پہلوؤں ، اور صحت و سلامتی سے متعلق بعض تحفظاتی عوامل ، بشمول غیرنصابی سرگرمیوں میں شرکت کے بارے میں پوچھا جاتا ہے ۔ تحفظاتی عوامل پر زور دینے سے نوجوانوں میں زیادہ استقامت پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے جب انہیں خطرے کے عوامل اور خطرناک رویوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے ۔

بعض سوالات ، جو حساس تصور کئے جاسکتے ہیں ، مثلاً ، خودکُشی ، جنسی رویے ، اور مخنث کی حالت کے متعلق سوالات بھی ان موضوعات کی اہمیت کے پیش نظر شامل کئے گئے ہیں اور بالکل صاف گوئی اور حساس انداز میں پیش کئے گئے ہیں ۔ یہ سوالات صرف آٹھویں ، دسویں اور بارہویں گریڈ کے طالبعلموں سے پوچھے گئے ہیں ، جبکہ چھٹے گریڈ کے طالبعلموں کو مختصر اور ترمیم شدہ سروے دیا جاتا ہے ۔ علاوہ ازیں ، ایسے کوئی شواہد نہیں ملے کہ طلبا و طالبات سے صحت کے خطرات

کے متعلق سوالات کرنے سے انہیں ان رویوں پر عمل کرنے کی ترغیب ملتی ہے ۔ درحقیقت ، بعض مطالعے یہ شواہد فراہم کرتے ہیں کہ حساس نوعیت کے سوالات ، جیسا کہ یہ ہیں ، پوچھنے سے ان میں ملوث ہونے کے امکانات کم ہوسکتے ہیں ۔

کاؤنٹی ، اسکول اور کمیونٹی میں قائم تنظیمیں نوجوانوں کی ضروریات اور خوبیوں کا جائزہ لینے ، پروگرام وضع کرنے ، رحجانات کی نگرانی کرنے ، ملک گیر نتائج کو جانچنے اور سدباب کی ملک گیر منصوبہ بندی کی رہنمائی کیلئے ، ان نتائج پر انحصار کرتی ہیں ۔ یہ سروے زندگی کی ضروری مہارتوں اور معاشرتی ذمہ داریوں سے متعلق طالبعلم کے اہداف جانچنے کیلئے بھی ایک اہم آلہ ہے ۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ ، یہ سروے والدین ، نوجوانوں اور کمیونٹی کے ارکان کو ہمارے چیلنجوں اور ہماری خوبیوں کا احساس دلاتے ہیں اور یہ کہ ان خوبیوں کو مزید کیسے بہتر بنایا جائے ۔

آپ کو یہ سروے دیکھنے کا حق حاصل ہے اور اگر آپ چاہیں تو اپنے بچے کو اس میں شرکت کرنے سے منع کر سکتے ہیں ، اور طالبعلم کو سروے کے دوران میں کوئی دوسری سرگرمی دے دی جائے گی ۔ مزید براں ، اگر کسی بھی وقت کوئی طالب علم سروے میں دیے ہوئے کسی سوال کے بارے میں بے چینی محسوس کرتا ہے تو طالب علم کو اس سوال کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے، یا وہ اس پورے سروے کو ختم کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے ۔

یہ سروے 29 ، نومبر اور8 ، دسمبر 2023 ء کے دوران دیا جائے گا اور وقت کا تعین آپ کے بچے کے اسکول کی انتظامیہ کی طرف سے کیا جائے گا ۔ والدین اور/ یا سرپرستوں کے لیئے سروے کی ایک نقل آن لائن اس پتے پر https://www.fcps.edu/resources/student-safety-and-wellness/youth-survey اور آپ کے بچے کے اسکول کے کونسلنگ دفتر میں 30 ، ستمبر ، 2023 ء سے دستیاب ہو جائے گی ۔

اگرچہ ہمیں امید ہے کہ زیادہ سے زیادہ طالبعلم اس میں شرکت کریں ، تاہم اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ اس سروے میں شرکت کرے تو براہِ مہربانی منسلک فارم مکمل کرکے اپنے بچے کے اسکول کونسلر کو 29 ، نومبر، 2023 ء تک واپس بھیج دیجیے ۔

اگر آپ اس سروے کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں ، تو براہ مہربانی ، **Stefan Mascoll** ، رابطہ کار دفتر برائے طالب علم کی حفاظت اور فلاح و بہبود سے 4270-423-571 پر رابطہ کیجیئے ۔

مخلص ،

Dr. Michelle C. Reid
Superintendent of Schools

MCR/sm
منسلک کاغذات

منسلک کاغذات

***2023 فیئر فیکس کاونٹی یوتھ سروے***
**علیحدگی کا فارم**

یہ فارم **صرف** اس صورت میں مکمل کیجیئے اگر آپ یہ **نہیں** چاہتے کہ آپ کا بچہ/ بچی اس سروے میں شرکت کرے ۔ اسے اپنے بچے کے اسکول کونسلر کو 29 نومبر، 2023 ء تک واپس بھیج دیجیئے ۔

---

میں اپنے بچے کو، *2023* ء کے *فیئر فیکس کاؤنٹی **خفیہ** یوتھ سروے* میں **شرکت کی اجازت نہیں دیتا / دیتی .** میں نے یہ بات سمجھ لی ہے کہ اس سروے کے دوران ، میرے بچے کو کسی متبادل سرگرمی میں مصروف کیا جائے گا ۔

طالبعلم/ طالبہ کا نام (جلی حروف میں لکھیئے): ______________________________

طالبعلم کا اسکول (جلی حروف میں لکھیئے):______________________گریڈ:__________

والدین یا سرپرست کے دستخط:______________________________